روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 9/اگست 2008ء 6 شعبان 1429 ہجری 9 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 182

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ پر ایمان دو قسم کا ہے ایک وہ ایمان ہے جو صرف زبان تک محدود ہے اور اس کا اثر افعال اور اعمال پر کچھ نہیں۔ دوسری قسم ایمان باللہ کی یہ ہے کہ عملی شہادتیں اس کے ساتھ ہوں پس جب تک یہ دوسری قسم کا ایمان پیدا نہ ہو۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ ایک آدمی خدا کو مانتا ہے یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ ایک شخص خداتعالیٰ کو مانتا بھی ہو اور پھر گناہ بھی کرتا ہو۔ دنیا کا بہت بڑا حصہ پہلی قسم کے ماننے والوں کا ہے میں جانتا ہوں کہ وہ لوگ اقرار کرتے ہیں کہ ہم خدا کو مانتے ہیں مگر یہ دیکھتا ہوں کہ اس اقرار کے ساتھ ہی وہ دنیا کی نجاستوں میں مبتلا اور گناہ کی کدورتوں سے آلودہ ہیں پھر وہ کیا بات ہے کہ وہ خاصہ جو ایمان باللہ کا ہے اس کو حاضر و ناظر مان کر پیدا نہیں ہوتا؟ دیکھو! انسان ایک ادنیٰ درجہ کے چوہڑے چمار کو حاضر ناظر دیکھ کر اس کی چیز نہیں اٹھاتا پھر اس خدا کی مخالفت اور اس کے احکام کی خلاف ورزی میں دلیری اور جرأت کیوں کرتا ہے جس کی بابت کہتا ہے مجھے اس کا اقرار ہے میں اس بات کو مانتا ہوں کہ دنیا کے اکثر لوگ ہیں جو اپنی زبان سے اقرار کرتے ہیں کہ ہم خدا کو مانتے ہیں کوئی پرمیشر کہتا ہے کوئی گاڈ کہتا ہے کوئی اور نام رکھتا ہے۔ مگر جب عملی پہلو سے ان کے اس ایمان اور اقرار کا امتحان لیا جاوے اور دیکھا جاوے تو کہنا پڑے گا کہ وہ نرا دعویٰ ہے جس کے ساتھ عملی شہادت کوئی نہیں۔

انسان کی فطرت میں یہ امر واقعہ ہے کہ وہ جس چیز پر یقین لاتا ہے اس کے نقصانات سے بچنے اور اس کے منافع کو لینا چاہتا ہے دیکھو سنکھیا ایک زہر ہے اور انسان جبکہ اس بات کا علم رکھتا ہے کہ اس کی ایک رتی بھی ہلاک کرنے کو کافی ہے تو کبھی وہ اس کو کھانے کے لئے دلیری نہیں کرتا اس لئے کہ وہ جانتا ہے کہ اس کا کھانا ہلاک ہونا ہے پھر کیوں وہ خداتعالیٰ کو مان کر ان نتائج کو پیدا نہیں کرتا جو ایمان باللہ کے ہیں۔ اگر سنکھیا کے برابر بھی اللہ تعالیٰ پر ایمان ہو تو اس کے جذبات اور جوشوں پر موت وارد ہو جاوے مگر نہیں۔ یہ کہنا پڑے گا کہ نرا قول ہی قول ہے ایمان کو یقین کا رنگ نہیں دیا گیا ہے یہ اپنے نفس کو دھوکا دیتا ہے اور دھوکا کھاتا ہے جو کہتا ہے کہ میں خدا کو مانتا ہوں۔

پس پہلا فرض انسان کا یہ ہے کہ وہ اپنے اس ایمان کو درست کرے جو وہ اللہ پر رکھتا ہے یعنی اس کو اپنے اعمال سے ثابت کر کے دکھائے کوئی فعل ایسا اس سے سرزد نہ ہو جو اللہ تعالیٰ کی شان اور اس کے احکام کے خلاف ہو۔

(ملفوظات جلد دوم ص 607)

اے اللہ تو بادشاہ ہے

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ تکبیر تحریمہ کے بعد جو دعائیں کرتے تھے ان میں یہ دعا بھی تھی کہ اے اللہ تو بادشاہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تیرا بندہ ہوں- میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اپنے گناہ کا اقراری ہوں پس تو میرے سارے گناہ بخش دے- تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا-

(سنن نسائی کتاب الافتتاح باب الدعاء بین التکبیر والقراءة حدیث نمبر 887)

نتائج میٹرک سال 2008ء

(نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

انگلش میڈیم بوائز سیکشن

کل 48 طلباء نے امتحان دیا تھا جو سب کے سب خدا کے فضل سے کامیاب ہوگئے ہیں۔ 25 طلباء نے A+ گریڈ، 18 طلباء نے A اور 5 طلباء نے B گریڈ میں کامیابی حاصل کی۔ عزیزم عبدالواسع ابن مکرم ڈاکٹر عبدالوحید صاحب نے 787/850 نمبر لے کر پہلی عزیزم نوید احمد ابن مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب نے 770/850 نمبر لے کر دوسری اور عزیزم عطاء الرزاق خان ابن مکرم عبدالبصیر خان صاحب نے 762/850 نمبر لے کر تیسری نیز محمد بلال ابن مکرم عبدالغفور صاحب نے بھی 762/850 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

گرلز سکول

کل 45 طالبات امتحان میں شامل ہوئیں۔ 2 طالبات امتحان میں Appear نہیں ہوئیں۔ 24 طالبات نے A+ گریڈ 17 طالبات نے A گریڈ اور 2 طالبات نے B گریڈ میں کامیابی حاصل کی۔ عزیزہ حذیفہ شوکت بنت مکرم شوکت علی صاحب نے 774/850 نمبر لے کر پہلی، عزیزہ ارفہ عفت خان بنت مکرم نسیم احمد خان صاحب نے 771/850 نمبر لے کر دوسری اور عزیزہ تانیہ کومل بنت مکرم محمد انعام صاحب نے 765/850 نمبر لے کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔

اردو میڈیم بوائز سکول

کل 64 طلباء نے امتحان دیا۔ 63 طلباء کامیاب ہوئے۔ اس طرح مجموعی رزلٹ 98.43 فیصد رہا۔ 10 طلباء نے A+ گریڈ 29 طلباء نے A گریڈ، 16 طلباء نے B گریڈ، 8 طلباء نے C گریڈ اور ایک طالب علم کی ریاضی کے مضمون میں کمپارٹمنٹ ہے۔ نزاکت احمد ابن مکرم محمد احمد صاحب نے 737/850 نمبر حاصل کر کے پہلی، محمد دانیال ابن مکرم محمد افضل صاحب نے 735/850 نمبر حاصل کر کے دوسری اور لطیف احمد شریف ابن مکرم محمد اسلم شاہد صاحب نے 710/850 نمبر حاصل کر کے

(باقی صفحہ 12 پر)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث۔ حالات اور خدمات

نمبر 6

(عہد خلافت کے اہم واقعات۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: ''نصرت جہاں آگے بڑھو'' پروگرام کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 12 جولائی 1970ء کو۔

سوال: ورلڈ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کا قیام کب عمل میں آیا۔

جواب: 30/ اگست 1970ء کو۔

سوال: حضور کے گھوڑے سے گرنے کا حادثہ کب پیش آیا۔

جواب: 1971ء کے شروع میں۔

سوال: حضور نے خلافت لائبریری کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 3/ اکتوبر 1971ء کو۔

سوال: حضور نے اہل ربوہ کے لئے مجلس صحت کا قیام کب فرمایا۔

جواب: یکم مارچ 1972ء کو۔

سوال: حضور نے بیت اقصیٰ ربوہ کا افتتاح کب فرمایا۔

جواب: 31 مارچ 1972ء کو۔

سوال: پہلے گھڑ دوڑ ٹورنامنٹ کا انعقاد کب ہوا۔

جواب: 9، 10 دسمبر 1972ء کو۔

سوال: حضور نے ربوہ کو سرسبز و شاداب بنانے اور شجر کاری کا منصوبہ کب بنایا اور آغاز میں کتنے درخت لگانے کی سکیم کا اعلان فرمایا۔

جواب: 1973ء میں منصوبہ بنا کر دس ہزار درخت لگانے کی سکیم کا اعلان فرمایا۔

سوال: حضور نے جدید پریس کا سنگِ بنیاد کب رکھا۔

جواب: 18 فروری 1973ء کو۔

سوال: مجلس انصاراللہ صف اوّل اور صف دوم کے قیام کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 9 نومبر 1973ء کو۔

سوال: صد سالہ جوبلی منصوبہ کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 28 دسمبر 1973ء کو جلسہ سالانہ کے موقع پر۔

سوال: صد سالہ جوبلی کی دعاؤں کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 8 فروری 1974ء کو۔

سوال: جماعت احمدیہ کے خلاف ملک گیر خونریز تحریک کا آغاز کب ہوا۔

جواب: 29 مئی 1974ء کو۔

سوال: 1974ء میں پاکستان کی قومی اسمبلی میں جماعت احمدیہ کی نمائندگی میں جو وفد پیش ہوا اس کے ممبران کے نام بتائیں۔

جواب: حضرت خلیفۃ المسیح الثالث، حضرت مرزا طاہر احمد صاحب، حضرت شیخ محمد احمد مظہر صاحب، حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب، محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب۔

سوال: قومی اسمبلی 1974ء میں جماعت احمدیہ کے وفد پر کتنے روز تک جرح جاری رہی۔

جواب: دو دن تک حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے محضر نامہ پڑھا جس کے بعد گیارہ دن تک سوال و جواب کا سلسلہ جاری رہا۔

سوال: جماعت احمدیہ کو قانونی اور آئینی اغراض کیلئے غیر مسلم کب قرار دیا گیا۔

جواب: 7 ستمبر 1974ء کو پاکستان کی قومی اسمبلی نے جماعت احمدیہ کو قانونی اور آئینی اغراض کیلئے غیر مسلم قرار دے دیا۔

سوال: حضور نے پوری قوم اور جماعت کے ذہین بچوں کو بیرون ملک تعلیم کے لئے وظیفہ دینے کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 1975ء میں۔

سوال: حضور نے احباب جماعت کو ایک ایک پارہ حفظ کرنے کی تحریک کب فرمائی۔

جواب: 1975ء میں۔

تعارف کتب

(جاں نثاران) احمدیت

آغاز تا عہد خلافت رابعہ

بیان فرمودہ: حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

ناشر: طاہر فاؤنڈیشن

تعداد صفحات: 252

طبع اول: 27 مئی 2008ء

اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ادارہ طاہر فاؤنڈیشن کو بسلسلہ خلافت جوبلی منصوبہ ''شہدائے احمدیت'' شائع کرنے کی توفیق حاصل ہوئی۔ اس بابرکت اور تاریخی موقع پر احباب جماعت کی خدمت میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے بیان فرمودہ خطابات جمعہ بابت تذکرہ شہدائے احمدیت کو یکجائی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ خطبات شہداء کے بعد سے عہد خلافت رابعہ تک کے شہداء کا تذکرہ بطور ضمیمہ کے شامل کر دیا گیا۔

اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے حیات جاودانی کا مورد ٹھہرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ تم ان کو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شہید کے بارہ میں فرمایا کہ سوائے شہید کے اور کوئی شخص دنیا میں واپس آنے کی خواہش نہیں کرتا۔

مرسلین کی روحانی تربیت کے نتیجہ میں صلحاء اور صاحب ایمان افراد اللہ تعالیٰ کی خاطر مصیبتوں اور دکھوں اور ابتلاؤں کے وقت اپنی قوت ایمانی کے سبب ثابت قدمی دکھاتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرتے رہے ہیں۔

حضرت مسیح موعود کے عشاق نے راہ صدق و وفا میں بے مثال قربانیاں دیں اور یہ سلسلہ جو کہ حضرت مسیح موعود کی زندگی میں کابل سے شروع ہوا آج تک اللہ کے فضل سے جاری ہے۔ استقامت کے شہزادے حضرت سید عبداللطیف شہید نے اپنی وفا کا نمونہ حضرت مسیح موعود کی زندگی میں دکھا دیا۔

14/ اپریل 1999ء کو خاندان حضرت مسیح موعود کے قابل فخر فرزند محترم صاحبزادہ مرزا غلام قادر صاحب نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور خاندان حضرت اقدس میں یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے فرد ٹھہرے۔ آپ کی شہادت کا دلگداز تذکرہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 16/ اپریل 1999ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا تھا۔ اگلے ہی خطبہ میں حضور نے حضرت سید عبداللطیف شہید کابل کا ذکر خیر فرمایا اور پھر شہداء کے تذکرہ پر سلسلہ خطبات جاری رکھا جو 23 جولائی 1999ء تک رہا۔ یہ کل 15 خطبات جمعہ ہیں جن کو کتابی صورت دی گئی ہے۔

خطبات شہداء کے بعد عہد خلافت رابعہ تک کے دیگر شہداء کا تذکرہ بطور ضمیمہ شامل کر دیا گیا ہے۔ ضمیمہ میں 32 شہداء کا مختصر ذکر تحریر کیا گیا ہے۔ کتاب میں ضروری حوالہ جات اور اشاریہ اسماء و مقامات بھی دیئے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ جن شہداء کی تصاویر میسر ہو سکیں ان کو شامل کر دیا گیا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ایک خوبصورت رنگین تصویر بھی کتاب کی زینت ہے۔ کتاب میں شامل ضمیمہ اور اشاریہ مکرم محمد محمود طاہر صاحب نے مرتب کیا ہے۔

آج جبکہ ہم صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی منا رہے ہیں اور گلستان احمدیت پر بہار کا موسم ہے۔ اس گلستان کی تزئین میں شہداء احمدیت کا خون شامل ہے۔ جوبلی کے بابرکت اور خوشی کے موقع پر شہداء کے تذکرہ کی اشاعت ان کے لئے ایک خراج تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے اور شہداء کی قربانی کو زندہ رکھنے کی توفیق دے۔ آمین

اعلان دار القضاء

(مکرم بشارت احمد صاحب ترکہ
مکرم خدا بخش صاحب مرحوم)

۞ مکرم بشارت احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم خدا بخش صاحب ولد مولا بخش صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 10/25 محلّہ دار العلوم شرقی ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ برقبہ 10 مرلہ مرحوم کے جملہ ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل

(1) مکرم مبارک احمد صاحب (بیٹا)
(2) مکرم مظفر احمد صاحب (بیٹا)
(3) مکرم انور احمد صاحب (بیٹا)
(4) مکرم اعجاز احمد صاحب (بیٹا)
(5) مکرمہ سرداراں بیگم صاحبہ (بیوہ)
(6) مکرمہ بشریٰ بیگم صاحبہ (بیٹی)
(7) مکرم منور احمد صاحب مرحوم (بیٹا)

جملہ ورثاء مرحوم نمبر 7

(i) مکرمہ پروین بی بی صاحبہ (بیوہ)
(ii) مکرم ارشد احمد صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم راشد احمد صاحب (بیٹا)
(iv) مکرم کاشف احمد صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دار القضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

شہد کے خواص، اثرات اور شہد کی مکھیوں کا پُرحکمت نظام

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے احمدی ڈاکٹروں اور طبیبوں کو شہد پر دعوت تحقیق دی ہے

اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے۔

اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کی طرف وحی کی کہ پہاڑوں میں بھی اور درختوں میں بھی اور ان (بیلوں) میں جو وہ اونچے سہاروں پر چڑھاتے ہیں گھر بنا۔ پھر ہر قسم کے پھلوں میں سے کھا اور اپنے رب کے رستوں پر عاجزی کرتے ہوئے چل۔ ان کے پیٹوں میں سے ایسا مشروب نکلتا ہے جس کے رنگ مختلف ہیں اور اس میں انسانوں کے لئے ایک بڑی شفاء ہے یقیناً اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے بہت بڑا نشان ہے۔

(سورۃ النحل آیات 69-70)

شہد وحی الٰہی کی بناء پر تیار کیا جاتا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ سورۃ النحل کے تعارف میں فرماتے ہیں

سورۃ النحل کے تعارف میں وحی کی عظمت کا بیان شہد کی مکھی کی مثال دے کر فرمایا۔ کسی دوسرے جانور پر وحی کے نزول کا ذکر نہیں ملتا۔ دیکھا جائے تو شہد کی مکھی اسی طرح ایک مکھی ہی ہے جیسے عام گندگی پر پلنے والی مکھی ہوتی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ وحی کے ذریعہ خدا نے اس کو ہر گندگی سے پاک کر دیا۔ یہ اپنے گھر بھی پہاڑوں پر اور بلند درختوں پر اور ان بیلوں پر بناتی ہے جو بلند سہاروں پر چڑھائی جاتی ہیں۔ پھر اس پر وحی کی گئی کہ وہ ہر پھول کا رس چوسے اگرچہ لفظ ثمر استعمال فرمایا ہے مگر اس میں دوہری حکمت یہ ہے کہ مکھی کے اس پھول کو چوسنے کے نتیجہ میں ہی اس میں سے ثمر پیدا ہوتا ہے اور ہر پھل کا عرق اور نچوڑ بھی وہ پھول سے ہی چوستی ہے اور اس کے نتیجہ میں جو شہد بناتی ہے اس میں انسانوں کے لئے ایک عظیم الشان شفا رکھ دی گئی ہے۔

یہاں یخرج من بطونها فرما کر اس طرف اشارہ فرما دیا گیا ہے کہ شہد صرف پھولوں کے رس سے نہیں بنتا بلکہ شہد کی مکھی کے بطن سے جو لعاب نکلتا ہے اسے وہ پھولوں کے رس سے ملا کر اور بار بار زبان ہوا میں نکال کر اسے گاڑھا کر کے شہد میں تبدیل کرنے کے بعد چھتوں میں محفوظ کرتی ہے۔

پھر اس کے بعد دو غلاموں کی مثال دی گئی ہے ایک ایسا احمق غلام جس کے کاموں میں کوئی بھی بھلائی نہیں ہوتی اور دوسرا وہ جسے اللہ تعالیٰ رزق حسن عطا فرماتا ہے اور پھر وہ اسے آگے بھی بنی نوع انسان کے فائدے کے لئے خرچ کرتا ہے۔ اس کا بھی شہد کی مکھی سے ایک بہت گہرا جوڑ ہے۔ عام مکھی تو ایسے مملوک کی طرح ہے جس کے اندر کوئی فائدہ نہیں اور شہد کی مکھی ایسے مملوک کی طرح ہے جسے رزق حسن عطا کیا جاتا ہے اور پھر وہ آگے بھی بنی نوع انسان کے فوائد کے لئے یہ رزق تقسیم کرتی ہے۔

شہد کی مکھی کا تعارف

شہد کی مکھی کو عربی میں "نحل" کہتے ہیں۔ اردو میں شہد کی مکھی کے لئے مذکر و مؤنث کے لئے الگ الگ نام نہیں بلکہ ایک ہی نام استعمال ہوتا ہے یعنی شہد کی مکھی۔

شہد کی مکھی ایک ننھا سا اڑنے والا پتنگا ہے۔ سر دھڑ پیٹ چار ٹانگیں دو پر اور پونچھ کی جگہ پر ایک ڈنگ ہوتا ہے جو دھڑ کے اندر چھپا ہوتا ہے۔ یہ ڈنگ بوقت ضرورت استعمال ہوتا ہے۔ اس کے ذریعہ سے اپنا دفاع بچاؤ اور دشمن کا مقابلہ کرتی ہے۔

چھتے میں موجود ہر مکھی اپنی ذات میں ایک محنتی اور ذمہ دار کارکن ہوتی ہے اور باقاعدہ ایک نگران اور باقی اس شعبہ میں معاون و مددگار ہوتی ہے۔ کوئی گروپ دوسرے گروپ کے امور میں دخل اندازی نہیں کرتا۔ نہایت سلیقہ مندی سے کام تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ کوئی نگران اعلیٰ ہے۔ کوئی ماتحت افسران ہیں۔ کوئی پانی لانے کے لئے، کوئی خوراک لانے کے لئے، کوئی حفاظت کے لئے، کوئی دشمن کی تاک کے لئے، کوئی سراغرسانی کے لئے، کوئی رہائش کے لئے، چھتہ بنانے کے لئے، کوئی شہد جمع کرنے کے لئے کیپسول بنانے کیلئے اور کوئی شہد بنانے کے لئے مقرر ہوتی ہیں۔ ایسا ہی فالتو ریزرو عملہ بھی موجود ہوتا ہے اور نکھٹو، نیز خاکروب مکھیاں بھی ان میں شامل ہوتی ہیں۔ کوئی افسر اور کارکن دوسری کالونی میں بلا اجازت نہ جا سکتا ہے اور نہ ہی آ سکتا ہے اور یہ سلسلہ شہد کی مکھی کی پیدائش سے لے کر آج تک چلتا جا رہا ہے۔

ملکہ مکھی

ملکہ مکھی ہی سارے چھتے کی سربراہ اعلیٰ ہوتی ہے۔ ساری چھاؤنی اس کے حکم کی تابع فرمانی کرتی ہے۔ پورے چھتے میں صرف یہی ملکہ ہی مادہ ہوتی ہے۔ ملاپ کے موسم میں نر مکھیوں کی ملکہ سے تولیدی ملاپ کی جنگ ہوتی ہے۔ اس جنگ میں تمام موجود نر حصہ لیتے ہیں تاہم صرف ایک ہی نر کامیاب ہوتا ہے۔ باقی تمام نر قتل کر دیئے جاتے ہیں۔ ملکہ وقت پر انڈے دیتی رہتی ہے۔ یہ بات حیران کن ہے کہ ملکہ روزانہ انڈے دیتی ہے۔ ان انڈوں کی تعداد ہزاروں میں ہوتی ہے۔

"ملکہ مکھی کی خوراک"

ملکہ کی خوراک دیگر مکھیوں سے الگ اور خاص قسم کی ہوتی ہے جسے رائل جیلی (Royal Jelly) کہتے ہیں۔ یہ جیلی بھی شہد سے تیار ہوتی ہے لیکن یہ خاص قسم کا شہد ہوتا ہے جو مخصوص ذرات سے غذا کے طور پر ملکہ کے لئے بناتے ہیں ملکہ اسے تناول کرتی رہتی ہے اور اسے کسی قسم کی کمزوری نہیں ہوتی۔

جراثیم سے پاک جانور

شہد کی مکھی دنیا میں انتہائی صاف ستھرا جاندار ہے کبھی کسی حالت میں جراثیم سے آلودہ نہیں ہوتا اور اس کے مقابل دیگر حشرات کیڑے مکوڑے اور مکھیاں نہ صرف جراثیم و بیکٹیریا کی منڈیاں ہوتی ہیں بلکہ بیماریوں کا ڈِپو ہوتی ہیں۔ صرف شہد کی مکھی کی یہ خاصیت ہے کہ کبھی گندی تعفن دار اشیاء سے خوراک نہ لے گی نہ گندے مقامات سے پانی پئے گی نہ خوراک کھائے گی۔ دیگر جانداروں کے برعکس اس کے پاؤں پر اور جسم جراثیم سے پاک، صاف، ستھرے اور آلودگی سے پاک ہوں گے۔

شہد کی مکھی اور پروپلس

خالق کائنات نے اس ننھے جانور کو بڑی صلاحیتوں سے نوازا ہے۔ یہ خود کو جراثیم سے محفوظ و مامون رکھنے کے لئے خاص قسم کے درختوں سے ایک قیمتی مادہ لے آتی ہے جس کو "پروپلس" (Propolis) کہتے ہیں۔ یہ نہایت اعلیٰ درجہ کا قدرتی انٹی بایوٹک (Antibiotic) ہے۔ سارے چھتے کے اردگرد "پروپلس" کو کناروں پر فصیل کی طرح لگا دیا جاتا ہے۔ جب باہر سے کوئی مکھی واپس چھتے میں داخل ہوتی ہے تو پہلا کام یہ کرتی ہے کہ اپنے پاؤں "پروپلس" پر جماتی ہے تا اگر کوئی جراثیم ساتھ آ گئے ہوں تو چھتے میں جانے سے پہلے ہلاک ہو جائیں۔

پروپلس کے فوائد

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

ایک دفعہ ایک مریض کو نیٹرم کارب سے فائدہ نہیں ہو رہا تھا، جب میں نے اسے پروپلس (Propolis) کی مرہم بنا کر دی جو شہد کی مکھی خود اپنے لئے جراثیم کش دوا کے طور پر بناتی ہے تو ایک ہفتہ سے بھی کم عرصہ میں اس کا زخم بالکل ٹھیک ہو گیا۔ شہد کینسر کے زخموں اور آنکھوں کے ناسور وغیرہ میں بھی غیر معمولی اثر دکھاتا ہے۔ پروپلس بہت طاقتور دوا ہے لیکن کیمیائی لحاظ سے بہت ہلکی ہے۔ ایک دفعہ فرانس میں یہ تحقیق ہوئی کہ دنیا میں جتنے بھی کیڑے مکوڑے ہیں وہ سب کچھ نہ کچھ جراثیم (بیکٹیریا) اٹھائے پھرتے ہیں۔ چنانچہ یہ معلوم کیا جائے کہ ہر قسم کے کیڑے مکوڑے کا کس خاص بیکٹیریا سے تعلق ہے۔ جس سائنسدان نے شہد کی مکھی پر تحقیق کی وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ شہد کی مکھی کے بدن پر کسی بیکٹیریا کا کوئی نشان نہیں ملتا اور وہ ہر قسم کے جراثیم سے کلیتًا پاک ہے۔ یہ ایک حیرت انگیز دریافت تھی جس سے ایک نئے تحقیقی دور کا آغاز ہوا کہ کیا وجہ ہے کہ شہد کی مکھی ہر قسم کے جراثیم سے پاک ہوتی ہے۔ قرآن کریم کا یہ فرمانا کہ فيه شفاء للناس بڑی گہرائی رکھتا ہے۔ جب فرانس میں یہ تحقیق کی گئی تو پتہ چلا کہ شہد کی مکھی اتنی صفائی پسند ہے کہ شہد کے ہر چھتے کے کنارے پر یہ ایک کیمیکل لگاتی ہے جس کا نام پروپلس ہے۔ مکھی پروپلس کو سفیدے اور دوسرے درختوں سے رسنے والے موم سے تیار کرتی ہے اور اپنے چھتے کے کناروں پر ہر طرف مل دیتی ہے۔ جب بھی اندر جاتی ہے پہلے کنارے پر پاؤں رکھتی ہے۔ جب باہر آتی ہے پھر بھی اس پر پاؤں رکھ کر باہر نکلتی ہے جس سے اس کے پاؤں پر وہ مادہ لگ جاتا ہے جو اسے جراثیم سے پاک رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے شہد کے چھتے میں کوئی جراثیم داخل نہیں ہو سکتے۔ اس تحقیق کے بعد ڈنمارک میں ایک قابل زمیندار نے خصوصی فارم تیار کر کے شہد کی مکھی کی افزائش کی جہاں سے وہ بڑی مقدار میں پروپلس حاصل کرتا تھا۔

پروپلس کو گلیسرین یا وٹامن ای کریم میں ملا کر استعمال کیا جائے تو روزمرہ کے پھوڑے پھنسیوں میں بہت مفید دوا ہے۔ جہاں نیٹرم کارب کی رسائی نہ ہو۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ نمبر 612)

اقسام

دنیا میں شہد کی مکھیوں کی کئی قسمیں ہیں تاہم ہمارے ملک میں چار اقسام معروف ہیں۔

نحل کبیر، نحل صغیر، نحل جبل، نحل مغرب۔ ان کی چاروں قسم کی مکھیوں کا مختصر تعارف درج ذیل ہے۔

نحل کبیر

نحل کبیر (Apis Dorsata) یہ دیگر اقسام سے جسم میں بڑی اور وزن میں زیادہ ہوتی ہے۔ بڑی غصیلی، تیز مزاج اور پھرتیلی ہوتی ہے اپنی چھاؤنی کی تعداد کے لحاظ سے بڑے چھتے بناتی ہے۔ غصہ ور ہونے کی بناء پر بعض اوقات چھتہ کے آس پاس شور یا کھڑکا کرنے پر انسان کے پیچھے پڑ جاتی ہے جس سے بڑی مشکل سے جان چھڑانی پڑتی ہے۔ اس مکھی کو

''ڈومنا'' بھی کہتے ہیں۔

محققین کے مطابق ملک عزیز میں اس کی رہائشی کالونیاں ساٹھ ہزار سے پنسٹھ ہزار ہیں۔ جن سے سالانہ 185 ٹن شہد حاصل ہو رہا ہے۔

نحل صغیر

شہد کی مکھیوں کی دوسری قسم نحل صغیر ہے یعنی (Apis Florea) ان کی جسامت چھوٹی ہوتی ہے۔ یہ مکھیاں سفری کہلاتی ہیں۔ نقل مکانی کرتی رہتی ہیں۔ پانچ چھ ماہ کے بعد اپنا ٹھکانہ تبدیل کر لیتی ہیں۔ فصلوں کے لئے یہ مکھیاں انتہائی مفید ہیں ان کے ذریعہ فصلوں کے عمل زیرگی میں خاصی مدد ملتی ہے۔ ان کے ذریعہ حاصل ہونے والا شہد مقامی دیسی شہد کہلاتا ہے۔ لذت سے بھرپور خوشبودار نہایت گاڑھا ہوتا ہے یہ مکھیاں انتہائی سست ہوتی ہیں۔ بہت آہستہ آہستہ سفر کرتی ہیں۔ شہد کشید کرنے والوں کو کم ہی نقصان پہنچاتی ہیں۔ اسے ''چھوٹی مکھی'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔

نحل جبل

شہد کی مکھیوں کی تیسری قسم ''نحل جبل'' (Apis Cerana) یعنی پہاڑی مکھی کہلاتی ہے۔ یہ بڑی محنتی اور جفاکش مکھی ہے بہت شہد تیار کرتی ہے۔ محققین کہتے ہیں کہ جدید طریقہ سے اس کی نسل میں اضافہ کرنے اور شہد کی سالانہ پیداوار بڑھانے میں بڑی گنجائش موجود ہے۔ ان کی 30 تا 35 ہزار جنگلی و نیم جنگلی کالونیاں آباد ہیں۔ اس مفید جانور کے ذریعہ سالانہ دو سو ٹن شہد حاصل کیا جا رہا ہے۔ یہ مکھیاں زیادہ تر پہاڑوں میں بسیرا کرتی ہیں۔ ''نحل جبل'' کی کافی اقسام بیان کی جاتی ہیں ''سواتی'' اور ''مارگلہ'' نسل زیادہ معروف ہیں۔ اس مکھی کو پہاڑی مکھی بھی کہتے ہیں۔

نحل مغرب

شہد کی چوتھی ''نحل مغرب'' (Apis Mellifiea) ہے یہ سب سے بہترین نسل ہے۔ محققین اس کی کافی اقسام بیان کرتے ہیں شہد کی پیدائش میں یہ مکھی سب سے آگے ہے۔ ان کا اصل مسکن امریکہ، افریقہ کے براعظم، یورپ، آسٹریلیا، ہیں جبکہ ایشیا کے کچھ ممالک میں بھی پرورش پا رہی ہے۔ یہ مکھی بڑی فائدہ بخش ہے اس کے ذریعہ پاکستان میں سالانہ تین سو ٹن سے زائد شہد حاصل کیا جا رہا ہے اس مکھی کو ''انگریزی'' مکھی بھی کہتے ہیں۔ یہ تجارتی غرض سے پالی جاتی ہے۔

شہد کی مکھیوں کی خوراک

شہد کی مکھی باقاعدہ ایک قانون کے مطابق منظّم طریق پر ہر کام انجام دیتی ہے۔ اپنی خوراک کی تلاش پر مامور گروپ اس کو تلاش کر لیتے ہیں تاہم پھل، پھول، مٹھاس، پانی، اس کی خوراک ہیں۔ پاکستان میں یہ اشیاء آسانی سے دستیاب ہیں۔ پھل پھول دینے والے سینکڑوں پودے، جڑی بوٹیاں اور فصلیں موجود ہیں۔ جن میں، بیری، آم کینوں ترشاوہ پودے، کیکر، کھجور، شیشم اور تمام پھول دینے والی فصلات قابل ذکر ہیں۔

خوراک و شہد کے لئے مکھی سینکڑوں میل سفر کر لیتی ہے اور آسانی سے واپس چھتے میں آ جاتی ہے۔ البتہ دو کلومیٹر کے درمیان درمیان فاصلہ ہو تو مکھیوں کو زیادہ مشقت نہیں کرنا پڑتی وقت کی بچت سے زیادہ شہد بنا لیتی ہیں۔

مگس بانی نفع بخش کاروبار

مگس بانی کا کاروبار آسان ہے۔ اس میں زیادہ مشقت نہیں کرنا پڑتی البتہ ابتداء میں اخراجات کرنا پڑتے ہیں۔ اس بارے میں ذہن بنانا اور آدمی کا موجود رہنا ضروری ہوتا ہے۔ حاضر دماغی، مستقل مزاجی اور حاضر باشی کے بغیر کامیابی ناممکن ہے۔ مگس بانی کا کاروبار شروع کرنے سے قبل ضروری ہوگا کہ اس فن سے متعلق پوری پوری معلومات اکٹھی کر لیں۔ اس بارہ میں ''پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد'' سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ بعض سرکاری ادارے اس کے کورس بھی کراتے ہیں۔ مگس بانی کر کے بیروزگاری کے خلاف جہاد کے ساتھ ساتھ غربت کو کم کیا جا سکتا ہے۔

سرکاری اداروں سے ایک کالونی کے لئے تقریباً چھ ہزار روپے میں ''مگس بکس'' مہیا ہو سکتے ہیں۔ یا نمونہ دکھا کر کسی بڑھئی سے بنوائے جا سکتے ہیں۔ کام شروع کرنے سے پہلے کسی ''مگس بان'' سے معلومات حاصل کر لینا فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔

سارا کام ایک نظام کے تحت

شہد کی مکھیاں شہد کے چھتے میں آزاد ہوں یا مگس بانی کی شکل میں قید ہوں وہ ہر حال میں ایک باقاعدہ منظّم طریق پر کام کرتی ہیں اس بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

نحل کا بھی بڑا عظیم الشان نظام ہے بعض ماہروں کا خیال ہے کہ انسانوں کے نظام سے ان کا نظام بہتر ہوتا ہے۔ ان کا احساس بعض باتوں میں انسان سے زیادہ ہوتا ہے۔ ان کے ہر چھتہ میں ایک ملکہ ہوتی ہے۔ سب مکھیاں اس کی پیروی کرتی ہیں۔ ان کی نسلیں علیحدہ علیحدہ ہوتی ہیں انسانوں کی طرح سب مل کر نہیں رہتیں۔ جب نئی ملکہ پیدا ہوتی ہے تو پرانی مکھیاں اس کو مارنا چاہتی ہیں تو ساری نئی جوان مکھیاں اس کا پہرہ دیتی ہیں اور مل کر اس کی حفاظت کرتی ہیں وہ ملکہ بڑی ہو کر اپنے ساتھیوں سمیت علیحدہ چھتہ بناتی ہے۔ پھر ملکہ لڑائی کر کے یا تو پہلی بڑی مکھیوں کو پہلے چھتہ سے نکال دیتی ہے یا شکست کھا کر دوسری جگہ پر چلی جاتی ہے۔ ان کے نظام کی اور بھی تفصیلات ہیں جو حیرت انگیز ہیں۔ خدا تعالیٰ نے نحل کے ذکر کو اس لئے چنا ہے کہ یہ معلوم ہو کہ ایک بالا ہستی ہے جس نے اسے یہ علم دیا ہے اور اس کو ایسا نظام دیا ہے جو خود اس کا سوچا ہوا نہیں ہے۔ نیز اس مثال کو اس لئے چنا ہے کہ شہد کی مکھی کا نظام معمولی غور سے نظر آ جاتا ہے اور اس لئے بھی کہ اس سے ایک ایسی غذا پیدا ہوتی ہے جسے انسان نے بہترین سمجھا ہے۔ اس نظام کا اس میں پایا جانا یہ بتاتا ہے کہ اس میں عقل ہے۔ مگر اس کا ایک ہی حالت میں رہنا اور ترقی نہ کر سکنا یہ بتاتا ہے کہ وہ نظام اس کو کسی اور ہستی نے دیا ہے اور باہر سے آیا ہے اس نے خود وہ نظام تیار نہیں کیا۔

(تفسیر کبیر جلد چہارم سورۃ نحل ص 194)

شہد کی اقسام

بنیادی طور پر شہد کی ایک ہی قسم ہے۔ البتہ رنگ مختلف ہیں ذائقے میں قدرے فرق ہوتا ہے۔ علاقہ، موسم، پھل، پھول کے فرق سے شہد کی اقسام بن جاتی ہیں ہر کالونی کا تیارہ کردہ شہد خفیف فرق لئے ہوئے ہے۔ موسم کی تبدیلی سے اس کے قوام میں بھی تبدیلی پیدا ہو جاتی ہے۔

1۔ گڑ کی طرح سخت۔ 2۔ گھی یا آئس کریم کی طرح نرم منجمد۔ 3۔ شیرے کی طرح گاڑھا۔ 4۔ شیرے میں انگوری شکر والا۔ رنگ بھی الگ الگ ہوتے ہیں جیسے 1۔ سیاہ۔ 2۔ سفید۔ 3۔ بھورا۔ 4۔ سنہری۔ 5۔ گلابی، زیادہ مشہور ہیں۔

شہد کا ذائقہ اور رنگوں اور اثرات کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

''میں نے ایک دفعہ وقف جدید کے دوران، جب میں وہاں کام کیا کرتا تھا۔ بعض شہد کے چھتے توڑنے کے ماہرین، شائقین سے کہا تھا کہ مجھے مختلف موسموں کے، مختلف پھولوں کے، مختلف وقتوں کے شہد نمونۃً تھوڑے تھوڑے دو اور ان سب میں میں نے رنگ میں فرق دیکھا اور شہدوں میں رنگوں میں بہت ہی فرق تھا، اس کا بہت وسیع (سپیکٹرم Spectrum) ہے۔ اس لئے مجھے اس کا خیال آیا کہ قرآن کریم فرماتا ہے مختلفاً الوانه .... کہ شہدوں کے رنگ مختلف ہیں، اب پھولوں کے بھی رنگ مختلف ہیں بے شمار انسانوں کے بھی، اللہ تعالیٰ جہاں خصوصیت سے رنگ مختلف ہونے کا ذکر فرماتا ہے مثلاً انسانوں کے ذکر میں بھی، تو اس میں کوئی حکمت، گہری حکمت پیش نظر ہوتی ہے۔ ورنہ تو رنگ ہر چیز کا دوسرے سے مختلف ہوتا ہے اس لئے شہد کی شفاء سے پہلے یہ فرمانا کہ مختلف الوانہ۔ اس کے رنگ مختلف ہیں۔ فیه شفاء للناس۔ اس میں hint (اشارہ) دیا گیا ہے کہ اگر رنگوں کے لحاظ سے تم شہد کو تقسیم کرو گے تو مختلف امراض کے ساتھ بعض رنگوں کا ضرور تعلق ہوگا۔

(الفضل 4 نومبر 2006ء)

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

فرمایا کہ مکھی کو ہم یہ وحی بھی کرتے ہیں کہ مختلف پھلوں پھولوں سے غذا لے اور پھر اس کو ان ذرائع سے کام لے کر جو ہم نے تیرے اندر پیدا کئے ہیں اور احکام الٰہی کے مطابق چل کر شہد تیار کر۔ پھر فرماتا ہے کہ جب وہ شہد نکلتا ہے تو وہ مختلف رنگوں اور مختلف قسموں کا ہوتا ہے۔ مگر سب قسموں کے اور سب رنگوں کے شہدوں میں یہ خاصیت مشترک ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کے لئے شفاء کا موجب ہوتے ہیں۔

(تفسیر کبیر جلد چہارم ص 195)

شہد شفاء ہے

شہد ایک اعلیٰ لذیذ اور مقویٰ غذا ہے جو بچوں، بوڑھوں کے لئے توانائی اور بیماروں کے لئے آبِ حیات و شفاء ہے۔

ذیابیطس کی مرض کا ذکر حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ:

اس سے مجھے سخت تکلیف تھی۔ ڈاکٹروں نے اس میں شیرینی کو سخت مضر بتلایا ہے۔ آج میں اس پر غور کر رہا تھا تو خیال آیا کہ بازار میں جو شکر وغیرہ ہوتی ہے اسے تو اکثر فاسق فاجر لوگ بناتے ہیں اگر اس سے ضرور ہوتا ہے تو تعجب کی بات نہیں۔ مگر عسل (شہد) تو خدا تعالیٰ کی وحی سے تیار ہوا ہے۔ اس لئے اس کی خاصیت دوسری شیرینیوں کی سی ہرگز نہ ہوگی۔ اگر یہ ان کی طرح ہوتا تو پھر سب شیرینی کی نسبت شفاء للناس۔ فرمایا جاتا۔ مگر اس میں صرف عسل ہی کو خاص کیا ہے۔ پس یہ خصوصیت اس کے نفع پر دلیل ہے اور چونکہ اس کی تیاری بذریعہ وحی کے ہے اس لئے مکھی جو پھولوں سے رس چوستی ہوگی تو ضرور مفید اجزاء کو ہی لیتی ہوگی۔ اس خیال سے میں نے تھوڑے سے شہد میں کیوڑا ملا کر اسے پیا تو تھوڑی دیر کے بعد مجھے بہت فائدہ حاصل ہوا حتیٰ کہ میں نے چلنے پھرنے کے قابل اپنے آپ کو پایا اور پھر گھر کے آدمیوں کو لے کر باغ تک چلا گیا اور وہاں دس رکعت اشراق نماز کی ادا کیں۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 191)

ایک آزمودہ نسخہ

ایک مجرب نسخہ تحریر ہے خاکسار نے سینکڑوں مریضوں کو استعمال کرایا ہے۔ کبھی خطا نہیں گیا۔ اس کے استعمال سے ضعف دماغ، ضعف اعصاب، دماغی کام کرنے سے دماغ کا تھک جانا۔ یادداشت کا کمزور ہو جانا۔ نسخہ درج ذیل ہے۔

اشیاء

1۔ شہد تین پاؤ۔ 2۔ ادرک تازہ بغیر ریشہ۔ ایک پاؤ۔ 3۔ پیاز ایک پاؤ۔ کوکنگ آئل آدھ پاؤ۔

ترکیب

ادرک اور پیاز صاف کر کے کونڈی ڈنڈے سے باریک پیس لیں ان دونوں کو الگ الگ باریک کریں۔ پیستے جائیں اور ان کا پانی ایک برتن میں نچوڑ کر جمع

کرتے جائیں۔ جب اچھی طرح باریک ہو جائیں تو ان سے حاصل شدہ پانی میں ملالیں اور ہلکی آگ پر پکا لیں جب پانی خشک ہو جائے تو کوکنگ آئل ڈال کر ہلکی آنچ پر بریاں کر لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر شہد ملا کر صاف برتن میں محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال

روزانہ رات سوتے وقت ایک چھوٹا چمچ دودھ کے ساتھ نوشفرمائیں۔

احمدی ڈاکٹروں اور حکماء کو دعوت تحقیق

شہد اپنی نوع میں ہزاروں دواؤں شفاؤں کا مجموعہ ہے۔ پوری دنیا میں اس کی تحقیق ہو رہی ہے۔ تاہم ابھی وہ راز ہائے سربستہ ابھی انسان نے افشاء نہیں کئے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے نوید سنائی ہے۔ اس لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع احمدی ڈاکٹروں، طبیبوں اور حکیموں کو دعوت فکر و تحقیق کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

”احمدی ڈاکٹروں کو چاہئے کہ شہد پر جو لٹریچر ہے وہ اکٹھا کریں۔ (برٹش میوزیم لائبریری، آسٹریلیا، روس، امریکہ وغیرہ میں تحقیق پر مواد موجود ہے) یہ ناممکن ہے قرآن کریم ایک چیز کو خاص طور پر چن لے اور کہے فیہ شفاء للناس اور اس میں کوئی گہرا System نہ ہو تو انسان نے ابھی تک سسٹم دریافت نہیں کیا۔“

”Systematically تحقیق کا پروگرام بنائیں اور جو تحقیق کا پروگرام بنائیں وہ مجھے لکھیں۔

(الفضل 4 نومبر 2006ء)

عام احمدیوں کو دعوت تحقیق دی

فرمایا

”جو احمدی دوست شہد میں تحقیق میں دلچسپی رکھتے ہوں ان کو چاہئے کہ رنگوں کے فرق کے اوپر بھی غور کریں اور ان کی لیبلنگ (Labeling) کریں اگر ان کو ملا سکتے ہوں، بعض موسموں، بعض پھولوں سے، تو اس سے بھی ہمیں فائدہ ہو جائے گا۔ پھر ان کو بیماریوں سے ملانا، یہ ایک دو دن کی بات نہیں ایک عمر کی تحقیق چاہئے۔ مثلاً فجی سے جو شہد آتا ہے بالکل سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔“

(الفضل 3 نومبر 2006ء)

شہد پر حضرت مسیح موعود کی تحقیق

حضرت مسیح موعود شہد پر تجربات کے بارے میں اپنی تحقیق بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

دوسری تمام شرینیوں کو تو اطباء نے عفونت پیدا کرنے والی لکھا ہے مگر یہ ان میں سے نہیں ہے۔ آم وغیرہ اور دیگر پھل اس میں رکھ کر تجربے کئے گئے ہیں کہ وہ بالکل خراب نہیں ہوتے سالہا سال ویسے ہی پڑے رہتے ہیں۔

ایک دفعہ میں نے انڈے پر تجربہ کیا تو تعجب ہوا کہ اس کی زردی تو ویسی ہی رہی مگر سفیدی انجماد پا کر مثل پتھر کے سخت ہو گئی جیسے پتھر نہیں ٹوٹتا ویسے ہی وہ بھی نہیں ٹوٹتی تھی۔

خدا تعالیٰ نے اسے شفاء للناس کہا ہے۔ واقعہ میں عجیب اور مفید شئے ہے۔ تو کہا گیا ہے یہی تعریف قرآن شریف کی فرمائی ہے۔ ریاضت کش اور مجاہدہ کرنے والے اکثر اسے استعمال کرتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہڈیوں وغیرہ کو محفوظ رکھتا ہے۔

اس میں اَلْ جو ناس کے اوپر لگایا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو اس کے اپنے (یعنی خدا تعالیٰ کے) ناس (بندے) ہیں اور اس کے قرب کے لئے مجاہدے اور ریاضتیں کرتے ہیں ان کے لئے شفا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ تو ہمیشہ خواص کو پسند کرتا ہے عوام سے اسے کیا کام؟ (ملفوظات جلد ششم صفحہ 315)

اللہ تعالیٰ تمام بنی نوع انسان کو اس نعمت سے نوازتا رہے۔ آمین

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

انجیو پلاسٹی وجوہات، طریق کار اور احتیاطی تدابیر

انجیو پلاسٹی ایک ایسا طریقہ علاج ہے جو گزشتہ دو دہائیوں سے زیادہ مقبول ہوا ہے اور دل کے بائی پاس کی شرح کم ہوئی ہے۔ 1974ء میں پہلی مرتبہ باقاعدہ انجیو پلاسٹی کی گئی۔ 2001ء کے بعد سے ایک سال میں تقریباً بیس لاکھ سے زائد افراد کا علاج انجیو پلاسٹی سے کیا جا چکا ہے۔

وجوہات

خون کی نالیوں کے تنگ ہونے کا عمل بہت چھوٹی عمر سے شروع ہو جاتا ہے اور ایک سٹیج پر بالکل بند ہو جاتی ہے۔ جس کے نتیجے میں ہارٹ اٹیک یا شدید انجائنا کا اٹیک ہو سکتا ہے۔

طریق کار

اس کا علاج کچھ اس طرح سے ہے۔ انجیو پلاسٹی میں ایک غبارے کے ذریعے نالی کو کھولا جاتا ہے اور اس میں سٹینٹ رکھ دیا جاتا ہے اور خون کا بہاؤ نارمل ہو جاتا ہے۔ جسم میں نالی ہاتھ یا ٹانگ کے ذریعے داخل کی جاتی ہے۔ انجیو پلاسٹی کے دوران مریض ہوش میں ہوتا ہے۔ انجیو پلاسٹی کے بعد مریض کو چوبیس گھنٹے ہسپتال میں رکھا جاتا ہے اور اگر کسی پیچیدگی کا خطرہ نہ ہو تو جلدی گھر بھیج دیا جاتا ہے۔ اس طریقہ علاج کے ذریعے دس میں سے نو مریض انجیو پلاسٹی کے بعد ٹھیک ٹھاک زندگی بسر کرتے ہیں۔ سو میں سے صرف دو یا تین مریضوں کی نالیاں پہلے چھ ماہ میں دوبارہ تنگ ہو سکتی ہیں۔ کامیابی کا انحصار آپریٹ کرنے والے کی مہارت، اچھے بیک اپ سسٹم، مختلف آلات کی فراہمی اور اچھے امیجنگ آپریٹس پر ہوتا ہے۔ اس کی روز افزوں مقبولیت کے پیش نظر یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ اگلے چند برسوں میں ترقی یافتہ ممالک میں شریانوں کی تنگی دور کرنے کا واحد طریقہ انجیو پلاسٹی ہوگا۔ علاج کے تین برس بعد انجیو پلاسٹی اور بائی پاس طریقہ علاج کے نتائج برابر ہو جاتے ہیں۔ تاہم بعض حالات میں انجیو پلاسٹی ممکن نہیں ہوتی تو ان کے لئے بائی پاس آپریشن ضروری ہوتا ہے اور اس طرح اگر بائی پاس آپریشن کے بعد بائی پاس گرافٹس (Grafts) میں کوئی مسئلہ ہو تو انجیو پلاسٹی کے ذریعہ حل کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں سالانہ تقریباً 44000 انجیو گرافی اور 8000 انجیو پلاسٹی کے کیس کئے جاتے ہیں اور تقریباً 2000 سٹینٹ استعمال کئے جاتے ہیں۔

احتیاطی تدابیر

انجیو پلاسٹی کے بعد اگر درد محسوس ہو تو متعلقہ ڈاکٹر صاحب سے فوراً رجوع کریں۔ ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد دوائیوں کے استعمال کے بارے میں ڈاکٹر صاحب سے ضرور مشورہ کریں اور ہفتہ دس دن تک گاڑی ڈرائیو نہ کریں اور نہ ہی زیادہ مشقت والا کام کریں۔ سگریٹ نوشی سے مکمل پرہیز رکھیں۔ اپنے وزن پر کنٹرول رکھیں۔ کولیسٹرول کو بڑھنے نہ دیں اور ورزش کو روزانہ کا معمول بنالیں۔

بچاؤ کا طریق

دل کے امراض سے بچنے کے لئے لالچ، حسد، بغض، کینہ اور تعصب پر قابو پانا ضروری ہے۔ یہ تمام اخلاقی بیماریاں نہ صرف انسان کی روح کو بیمار کرتی ہیں بلکہ ان اخلاقی بیماریوں سے شوگر، بلڈ پریشر اور معدے کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جو بعد ازاں مریض کو دل کے دورے کی طرف لے جاتی ہیں۔ کچھ لوگ تو پہلے دورے میں ہی اللہ کو پیارے ہو جاتے ہیں اور باقی ماندہ کو انجیو پلاسٹی یا بائی پاس آپریشن کے بعد زندگی بہت محتاط انداز میں گزارنی پڑتی ہے۔

ہمیں چاہئے کہ ہم ورزش کو اپنا روزانہ کا معمول بنالیں اور اپنے فیملی ڈاکٹر سے وقتاً فوقتاً اپنا چیک اپ کرواتے رہیں اور اس سے مسلسل رابطہ رکھیں اور کسی تکلیف کی صورت میں بلا تاخیر اپنا علاج کروائیں نیز ہمیں چاہئے کہ ہم مندرجہ بالا اخلاقی برائیوں سے بھی پرہیز کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت والی لمبی، فعال اور خدمت دین اور خدمت خلق سے معمور زندگی عطا فرمائے۔ آمین

وقت

ہائے بے وقت ہم ہوئے بیدار
جا چکا وقت جب ہوئے بیدار
وقت گم ہو گیا تو ہوش آیا
کیسا بے وقت دل میں جوش آیا
وقت کو مفت کھو دیا ہم نے
اپنے ہاتھوں ڈبو دیا ہم نے
اے عزیزو سنو نصیحت یہ
وقت کرتا ہے خود وصیت یہ
اپنے اوقات کے رہو پابند
ہے زمانے کی سود مند یہ پند

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہؓ

آپ رسول اکرمؐ کے غلام زید بن حارثہ کے فرزند تھے۔ رسول اکرمؐ کو ان سے بڑی محبت تھی۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ اسامہ مجھے فاطمہ کے بعد سب سے زیادہ عزیز ہے۔ حضرت امیر معاویہؓ کے عہد میں 54ھ میں وفات پائی۔ حضرت اسامہؓ ہی وہ صحابی تھے جنہوں نے ایک جنگجو کافر کو کلمہ پڑھنے کے باوجود قتل کر دیا۔ آنحضرتؐ کی سخت ناراضگی پر آپ نے عہد کیا کہ آئندہ کبھی کسی کلمہ پڑھنے والے کو قتل نہ کروں گا۔ رسول اللہؐ نے اپنی آخری بیماری میں آپؓ کو شام کی طرف جانے والے لشکر کا سپہ سالار مقرر فرمایا جبکہ اس لشکر میں بڑے بڑے بزرگ صحابہ بھی موجود تھے۔ یہ لشکر رسول اللہؐ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ نے روانہ فرمایا۔

ماخوذ

ڈاکٹر مطلوب حسین

انگاروں کی کاشت

سٹیفن ہاکنگ اور اٹھارہ نوبیل انعام یافتہ سائنسدانوں کے مطابق قیامت میں بہت کم وقت رہ گیا ہے۔ ’’بلیٹن آف اٹامک سائنٹسٹ‘‘ نے ایک تصوراتی گھڑی تشکیل دے رکھی ہے جس کا نام انہوں نے ’’ڈومز ڈے کلاک‘‘ یعنی ’’قیامت کا وقت ظاہر کرنے والی گھڑی‘‘ رکھا ہے۔ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ قیامت کے وقوع پذیر ہونے میں صرف چند منٹ باقی رہ گئے ہیں۔ جس کے بعد زندگی کے بیشمار رنگوں اور حسن رعنائیوں سے بھرپور یہ سیارہ کرہ ارض مکمل طور پر تباہ ہو جائے گا۔ بلیٹن آف اٹامک سائنٹسٹ کی طرف سے یہ بیان 18 جنوری 2007ء کو جاری کیا گیا۔ اس بیان میں کہا گیا کہ قیامت کے وقوع پذیر ہونے میں صرف 5 منٹ باقی رہ گئے ہیں۔

آئن سٹائن کو دنیا کا سب سے بڑا سائنسدان تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تھامس ایڈیسن اور نیوٹن کا نام لیا جاتا ہے۔ آئن سٹائن کو درجہ اول میں رکھنے والی خصوصیت اس کا نظریہ اضافیت یعنی ’’تھیوری آف ریلیٹوٹی‘‘ ہے اور اسی تھیوری کو سائنسی دنیا کا اب تک کا سب سے بڑا نظریہ سمجھا گیا ہے۔ اسی نظریے کی بدولت ہی مادہ کے ایٹم کو توڑنے میں مدد ملی تھی اور پھر ایٹم کو توڑ کر اسے ایٹمی توانائی میں تبدیل کرنے کی راہیں کھلی تھیں۔ ازاں بعد اسی نظریہ کی بدولت ایٹمی دھماکہ ممکن ہوسکا تھا۔ آئن سٹائن کے بعد اگر کسی کو دنیا میں سب سے زیادہ بطور سائنسدان شہرت ملی ہے تو وہ برطانوی سائنسدان سٹیفن ہاکنگ ہے۔ ’’بلیٹن آف اٹامک سائنٹسٹ‘‘ (بی اے ایس) ایک ریسرچ ادارہ ہے جس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں سٹیفن ہاکنگ سمیت نوبیل انعام یافتہ 18 سائنسدان شامل ہیں۔

بلیٹن آف اٹامک سائنٹسٹ کے سائنسدانوں کی بنائی گئی تصوراتی گھڑی ’’ڈومز ڈے کلاک‘‘ پر آج سے چھ سال قبل یعنی 2002ء میں رات کے گیارہ بجکر ترپن منٹ ہوئے تھے۔ جبکہ سائنسدانوں کے مطابق گزشتہ سال 2007ء میں اس گھڑی پر گیارہ بجکر پچپن منٹ ہو چکے تھے۔ چنانچہ متذکرہ سائنسدانوں نے اس وقت کہا تھا کہ ’’مڈنائٹ‘‘ یعنی ’’قیامت کے وقت‘‘ میں صرف پانچ منٹ رہ گئے ہیں۔

قیامت کب برپا ہوگی اور یوم حشر کا آغاز کب ہوگا۔ یہ تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ لیکن یہ سائنسدان اس قیامت کی پیشگوئی نہیں کررہے جس کی نشاندہی تمام الہامی و آسمانی کتابوں میں کی گئی ہے بلکہ ایٹمی ہتھیاروں کی دن بدن بڑھتی ہوئی دوڑ اوران ہتھیاروں کی ہلاکت خیزی میں روز بروز اضافے کے پیش نظر انہوں نے دنیا کی تباہی کے حوالے سے اپنے اندیشوں کا اظہار کیا ہے۔ بلیٹن آف اٹامک سائنٹسٹ کا قیام 1945ء میں عمل میں آیا تھا۔ پھر ہیروشیما اور ناگاساکی کی ہولناک تباہی کو دیکھنے کے بعد ’’ڈومز ڈے کلاک‘‘ کی علامتی گھڑی کا تصور پیش کیا گیا اور دنیا میں ایٹمی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی رفتار کی مناسبت سے اس علامتی گھڑی کی رفتار مقرر کی گئی تھی۔

انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی میں کام کرنے والے بعض سابق سائنسدانوں کے اندازے کے مطابق دنیا میں **کل 32 ہزار تا 40 ہزار ایٹم بم موجود ہیں، دیگر روایتی اسلحہ کا تو کوئی شمار ہی نہیں۔ ان میں سے 17 ہزار ایٹم بم امریکہ نے ذخیرہ کر رکھے ہیں جبکہ روس کے پاس بارہ ہزار ایٹم بم ہیں۔ نیوٹران بم، ہائیڈروجن بم اور کوبالٹ بم اس کے علاوہ ہیں۔ چالیس ہزار ایٹم بم ساری زمین کو چار مرتبہ تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔** ’’بی اے ایس‘‘ کے ڈائریکٹر اور انٹرنیشنل کرائسز گروپ کے شریک چیئرمین تھامس پکرنگ کا کہنا ہے کہ اس وقت دنیا کے مختلف خطوں میں 140 مقامات پر انتہائی افزودہ حالت میں یورینیم کی 14 لاکھ کلوگرام سے زیادہ مقدار اور تقریباً 4 لاکھ 53 ہزار پانچ سو بانوے کلوگرام پلوٹونیم موجود ہے۔ ان 140 مقامات پر غیر محفوظ حالت میں سویلین پاور پلانٹس، یونیورسٹیوں کے ریسرچ ری ایکٹرز اور فوجی مقاصد کے تحت کام کرنے والے سینٹرز بھی شامل ہیں۔

اب دنیا ایٹمی ہتھیاروں کے دوسرے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ ہیروشیما اور ناگاساکی پر گرائے جانے والے ایٹم بم ابتدائی نوعیت کے تھے۔ موجودہ دنیا کے ایٹمی ہتھیاروں کی تباہ کن صلاحیت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ ایٹمی ماہرین کا کہنا ہے کہ ناگاساکی اور ہیروشیما میں زندہ بچ جانے والے افراد کی حالت مردوں سے بھی بدتر تھی لیکن اب اگر دنیا میں ایٹمی جنگ چھڑ گئی تو شاید یہ ہماری خوش قسمتی ہو کہ ہم میں سے کوئی زندہ بچ سکے گا۔

سوال یہ ہے کہ انسان اپنے ہی ہاتھوں اپنے ہی مسکن کو فنا کر دینے پر کیوں آمادہ ہو گیا؟

درحقیقت منفی طرز فکر کے حامل سائنسدانوں اور سرمایہ کاروں نے ذاتی اور مالی منفعت کے لئے خوبصورت دنیا کو بدہیئت بنا دیا ہے، جگ مگ کرتے ستاروں کی سہانی راتوں کو دھندلا دیا ہے۔ پھولوں کی مسکراہٹ چھن گئی ہے۔ اب پرندوں کی روح پرور چہچہاہٹ ایک نغمہ دل سوز بن کر رہ گئی ہے۔ عدم تحفظ کی حالت میں سسکتی ہوئی انسانیت کے لئے چاندنی کا حسن اور دھوپ کی خوبصورتی ماند پڑ گئی ہے۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ دنیا بتیس تا چالیس ہزار ایٹم بموں کے نرغے میں ہے، دنیا کے اکثر دانشور اور صاحب دل لوگ جانتے ہیں کہ دنیا کا قانون یہ ہے کہ جب کوئی چیز معرض وجود میں آجاتی ہے تو اس کا استعمال لازمی ہو جاتا ہے لہٰذا یہ صرف خام خیالی ہی ہوسکتی ہے کہ یہ ایٹمی ہتھیار استعمال کرنے کی نوبت نہیں آئے گی۔ جب یہ پھٹیں گے تو سب راکھ کا ڈھیر بن جائے گا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ دنیا بار بار تباہ ہو کر کئی مرتبہ دوبارہ آباد ہوئی ہے۔ یہ دنیا اب پھر چالیس ہزار ایٹم بموں کی زد میں ہے۔ زمین کے اندر بہنے والے چشمے، انسان کو ترقی کا راستہ بتانے والی معدنیات، نظام کشش ثقل بہ حسرت و یاس اپنے بیٹوں کے ہاتھوں اپنی ہلاکت کی منتظر ہے۔ جس زمین نے ہمیں پروان چڑھایا، آج وہ زمین، وہ دنیا ایک مجسم سوال بن چکی ہے کہ آدم زاد کس قصور، کس جرم اور کس پاداش میں زمین کی تباہی کے درپے ہے۔ آدم زاد کو زمین نے کیا کچھ نہیں دیا؟ یہ کیسی احسان فراموشی ہے کہ بچے اپنی ماں کی گود اجاڑنے اور برباد کرنے پر مصر ہیں۔

